روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات

ماہنامہ

# خزینہ روحانیات

لاہور

February'2025

جلد نمبر 15 | Rs.150 | شمارہ نمبر 10



## تسخیر کا ایک مجرب عمل

## خواص سورۃ الفیل

## عمل تسخیر وحاضری ہمزاد

## جنات کا مقدمہ

## محبت کے مجرب عملیات

## قسم ہوتریہ

## جادو کی کاٹ کا لوہا توڑ عمل

## مقدمہ میں کامیابی کے اعمال

# روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر

## 20% خصوصی رعایت برائے فروری 2025

نورانی اعمال — ہدیہ: 8,100

### سورۃ الرحمٰن کے عامل بنیں

سورۃ الرحمٰن کا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص مقام ہے۔ خاص کر جنات کے معاملے میں یہ سورت بہت اہمیت کی حامل ہے۔ سورۂ رحمٰن میں جنات کے لیے بہت کشش ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سورۂ رحمٰن کے عامل کی طرف جنات کو بہت کشش ہوتی ہے۔

نورانی اعمال — ہدیہ: 8,100

### سورہ جن کے عامل بنیں

سورت جن کے عمل کا شمار عملیات میں بڑے اعمال میں کیا جاتا ہے۔ اس عمل کو ”ننگی تلوار“ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ جنات کے مریضوں کے علاج میں ماہر ”عاملِ جنات“ عموماً اس عمل کے عامل ہوتے ہیں۔ اس سورت سے ہر وہ کام لیا جا سکتا ہے، جو ”جنات“ کر سکتے ہیں

علوی نورانی اعمال — ہدیہ: 7,100

### مندرہ کبیر

جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔ جس عامل کے پاس یہ عمل ہوتا ہے، اس پر آسانی سے جادو اور جنات کا حملہ نہیں ہوتا۔

خاص خاص اعمال — ہدیہ: 11,000

### حُب کی بیاض

عاملین کے لیے محبت کے خاص الخاص اعمال۔ حُب کے مجرب اعمال کی بیاض۔ حُب کے اعمال کے متلاشی عاملین کے لیے ایک خاص تحفہ۔

خاص خاص اعمال — ہدیہ: 5,100

### خزینۂ مجربات

دارالعمل چشتیہ کے خاص اعمال کا مجموعہ۔ کسی بھی عمل کی چلہ کشی کی ضرورت نہیں۔ اجازت ملتے ہی عامل تمام اعمال استعمال کر سکتا ہے۔

باموکل اعمال — ہدیہ: 8,100

### آیت الکرسی باموکل

شریر جنات و شیاطین کے خلاف انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار جو علاج کے ساتھ حفاظت کے لیے بھی مجرب ہے۔

باموکل اعمال — ہدیہ: 7,100

### چہل کاف باموکل

سخت جنات و جادو سے نجات اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

علوی اعمال — ہدیہ: 5,100

### عمل واپسی سحر 1

سحر کو جادوگر اور جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

علوی اعمال — ہدیہ: 5,100

### قصیدہ غوثیہ

غوثِ اعظم پیرانِ پیر حضرت عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کا قصیدہ جس کے روحانی فوائد بے شمار ہیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35420586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی تصوف، روحانی عملیات، طبی نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ

# خزینہ روحانیات

لاہور

شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ

فروری 2025ء

جلد نمبر 15

شمارہ نمبر 10

قیمت 150 روپے



مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

## مجلس مشاورت

غلام سرور شباب صاحب (ٹوبہ ٹیک سنگھ / حویلی لکھا)

قیصر احمد صاحب (کراچی)

مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)

ابوانس صاحب (لاہور)

مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

محمد علیم صاحب (لاہور)

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)


### سالانہ ممبرشپ بذریعہ پاکستان پوسٹ

عام ڈاک: 1600 روپے — رجسٹرڈ ڈاک: 2000 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27/28/29 تاریخ کو رسالہ ارسال کیا جاتا ہے۔

نوٹ: سالانہ ممبرشپ مئی اپریل تک جاری کی جائے گی، سال سے کم کی ممبرشپ لینے والوں کو رعایتی نرخ نہیں لگایا جائے گا۔

نوٹ: سالانہ ممبرشپ لینے والے کو 2 عام شمارے 150 روپے والے مفت ارسال کیے جائیں گے۔

### سالانہ ممبرشپ بذریعہ کوریئر TCS

لاہور: 2400 روپے — قریبی اضلاع: 2850 روپے — دور کے اضلاع: 3750 روپے

### سالانہ ممبرشپ بذریعہ ای میل / واٹس ایپ

ای میل: 1000 روپے — واٹس ایپ: 1000 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی پہلی/دوسری تاریخ کو رسالہ Whatsapp/Email کیا جاتا ہے۔

**ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں**

**بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا**


برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات

0322-4773786, 042-35410586

darulamal.org/magazines/ruhani

khazinaeruhaniyaat@gmail.com

khazinaeruhaniyat — khazinaruhanyat

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org

info@darulamal.org

darulamalchisht — darulamalchishtia

0322-7772772 — 0343-7772772

0312-7772772 — 0306-7772772(ufone)

فون: 042-35410586 — پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔


| | | |
|---|---|---|
| روحانی درسگاہ 0333-7772775, 0309-7772775 | مکتبۃ العارف 0332-4487877, 0323-4487877 | مطب العارف 0320-5410586, 042-35410586 |
| روحانی علاج گاہ 0324-7772772, 0342-7772772 | ایم این بک سٹور 0309-7772770, 042-35410586 | الٹرنیٹو میڈیسن سٹور 0309-7772778, 042-35410586 |
| روحانی دکان 0334-4312272, 0320-4312272 | عارفی پرفیومز 0309-7772776, 0349-7772776 | فلاحی مرکز 0312-7772772, 042-35410586 |


خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ (تمام شعبہ جات) http://darulamal.org/

# فہرست مضامین

فروری 2025ء

شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ


| | |
|---|---|
| موسم بہار کو روحانی بہار بنائیں (مولانا علی آفاق) | 5 |
| پرچہ معمولات (حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے تعلیم کردہ معمولات) | 6 |
| تکبر (علی رضا) | 8 |
| روحانیات وتصوف (قیصر احمد بی اے، کراچی) | 9 |
| اثرات بد سے نجات کے اعمال (مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ) | 11 |
| الحزب الصغیر للامام الجیلانی رحمہ اللہ (الشیخ مخلف العلی الخذیفی القادری) | 11 |
| مجرب عملیات (حضرت مولانا غلام یٰسین مدظلہ، جلال پور پیروالا) | 12 |
| بسم اللہ کے مجرب اعمال (حضرت صوفی غلام سرور شباب مدظلہ) | 13 |
| جسم انسانی میں پیدا ہونے والے امراض کے علاج کے طلاسم (حضرت صوفی غلام سرور شباب مدظلہ) | 14 |
| الصلاۃ البکریۃ (محمد عارف، لاہور) | 16 |
| خواص سورۃ الفیل (حضرت مولانا اعجاز احمد خان سنگھانوی مدظلہ) | 17 |
| وہ ذکر جو سرکش جن کو پچھاڑ دے اور اس کا شعلہ بجھا دے (مولانا محمد یاسین خواجہ مدظلہ، جلال پور پیروالا) | 18 |
| اہل خانہ سے نفرت کرنے اور بھاگنے کا سبب (ابوالحسنات قاسمی) | 19 |
| جادو کی کاٹ کا لوہا توڑ عمل (قاری محمد رضوان، لاہور) | 19 |
| وِرْدُالحِفظِ (ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ) | 21 |
| قسم ہوتریہ (عامل الحاج عامر کلیرا، جھنگ) | 22 |
| عمل تسخیر وحاضری ہمزاد (حکیم محمد نعیم الحسن قادری نقشبندی) | 22 |
| عمل سورۃ الفاتحہ برائے حاجات فوریہ (احمد رضا قادری سروری) | 23 |
| محبت کے مجرب عملیات (پیر طریقت حاجی محمد محسن منوری یوسفی) | 25 |
| تسخیر کا ایک مجرب عمل (شفیع الدین نظامی رحمہ اللہ، کراچی) | 25 |
| زوجین کے نام ایک خط (ڈاکٹر رابعہ خرم درانی) | 26 |
| اولاد کے لئے وظیفہ (دارالافتاوالقضاء الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ) | 27 |
| ادائیگی قرض کے مجرب اعمال (سید ذیشان نظامی، جہلم) | 32 |
| حاکم کے ظلم وستم سے بچنے کیلئے (حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ) | 33 |
| مقدمہ میں کامیابی کے اعمال (محمد حسن، کراچی) | 33 |
| خبیث جنات، جادو ٹونہ، نظر بد، بندش ورجعت کے خاتمے کے لیے (روحانی وجسمانی طبیب فقیر امتیاز علی قادری، سندھ) | 34 |
| وظائف شب پندرہویں شعبان (الشیخ مخلف العلی القادری) | 36 |
| شرف قمر کے مجرب تعویذات (اراکین روحانی علاج گاہ) | 37 |
| قمر در عقرب کے اعمال (ملازم حسین مرحوم، اسلام آباد) | 37 |
| نظرات سیارگان کے اعمال (حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب) | 38 |
| آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل (خالد مقبول حفظہ اللہ) | 41 |
| دو خاص روحانی اعمال (صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ) | 42 |
| ایک دعا، تین بیماریوں سے بچاؤ، رسول مقبول ﷺ کی گارنٹی (عبدالرحمن یحییٰ) | 43 |
| حمل ٹھہرنے کے روحانی اعمال (مولانا تہذیب انور حسینی مبارکپوری مدظلہ) | 43 |
| مستجاب الدعوات (پیرزادہ محمد عثمان نوری) | 44 |
| مجرب طلسمات (یاسین قادری، کراچی) | 46 |
| سورۃ الفاتحہ کی جامعیت وخصوصیات (قیصر احمد بی اے) | 47 |
| عام بیماریاں اور ان کا گھریلو علاج (مرتب: ام نافع، لاہور) | 51 |
| بواسیر کا گھریلو علاج (محمد اویس ظہیر) | 51 |
| جنات کا مقدمہ (ڈاکٹر خالد مشتاق) | 52 |


تمام قارئین، شاگرد وممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ وعاملین سے درخواست ہے خزینہ روحانیات کیلئے اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ وظائف، عملیات، مجرب تعویذات ونقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔

## مضامین بھیجنے کے لیے


خط بھیجنے کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
کوریئر رجسٹرڈ ڈاک: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
ای میل: khazinaeruhaniyaat@gmail.com
واٹس ایپ: 0326-4773786

# حمد باری تعالیٰ جل جلالہٗ

اقبال فیضی

آسماں کی وسعتیں تیری ہیں، سیارے ترے
میری آنکھیں بھی تری یہ سارے نظارے ترے
ابر کے لشکر، یہ کہساروں کے لمبے سلسلے
اور ان کی چوٹیوں کے اونچے مینارے ترے
دوپہر کی آگ تیری، سیم وتن سورج ترا
سب جھلستے راستے تیرے ہیں، بنجارے ترے
شمع تیری، شمع کے سر پر رکھا شعلہ ترا
رات تیری، رات کی زلفوں کے اندھیارے ترے
صبح تیری، شبنمیں مخمل ترا، گلشن ترے
حمد گاتے خوشنوا رنگین طیارے ترے
کف اڑاتی، چیختی چنگھاڑتی موجیں، تری
کشتیاں، ساحل ہوا کے تندخو دھارے ترے
پھول تیرے، رس ترا، تیری شہد کی مکھیاں
مکھیوں کے ڈنک تیرے، قند کے پارے ترے
نوح کی بستی تری، طوفاں ترا، کشتی تری
ڈوبنے والے ترے، کشتی کے سب پیارے ترے
آزمائش، کامیابی، نامرادی، سب تری
کوئی ابراہیم ہو، گل ہوں کہ انگارے، ترے
امتِ موسیٰ تری، فرعون کا لشکر، ترا
پار اترنے والے تیرے، قہر کے مارے، ترے
سب نمائند ہیں تیرے خیر و شر کی جنگ میں
جیتنے والے بھی تیرے، بدر کے ہارے، ترے

# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامہ ظفر اورنگ آبادی

## بے نقط نعت شریف

اگر رسولِ ھدیٰ ﷺ کا کلمہ مدام وردِ عام ہوگا
کرم کا معمول عام ہوگا، ہر اک دو عالم کا کام ہوگا
اگر محمد ﷺ کا دل کو سودا اصولِ رسمِ عوام ہوگا
اِدھر درود و سلام ہوگا اُدھر درود و سلام ہوگا
ادھر ہمارے عمل مکمل اصولِ اسلام حمدِ داور
رہا اُدھر کا معاملہ وہ رسولِ اکرم ﷺ کا کام ہوگا
محل کو مدِ مراد رکھ کر عمل کو مدِ مراد رکھ کر
ومِ سوال آلِ آدم سلوک مولا کا عام ہوگا
گواہ اللہ ہر دو عالم اور اس کا ہر اک وہ حکم محکم
گر اسم احمدؐ کا ورد ہوگا کرم احد کا مدام ہوگا
عطا و عدل و ہدا مکرر علوم سر علی سراسر
ہر اک کا ہوگا اگر وہ مصدر رسول ہوگا امام ہوگا
طلوعِ طالع ہوا ہمارا درِ محمد ﷺ کھلا وہ آؤ
ملک کا ورد مدام ہوگا کلامِ محمود عام ہوگا
دراصل مدحِ رسولِ اکرم ﷺ مع اک درود سلام اسلم
طرح طرح کا کلام وکلمہ سدا ہوا اور دوام ہوگا
عدوِ آلِ رسول ﷺ ہوگا اگر دل اس کا گواہ عادل
گو لاکھ صالح عمل رہا ہو حلال سودا حرام ہوگا
اِلٰہ العالم کا حکم ہوگا ہمارا کلمہ کلام سارا
اگر محمد رسول ﷺ ہوگا اگر محمد ﷺ امام ہوگا
سوال علامہ آؤ کرلو ہوا رسول ہدیٰ ﷺ کا دروا
درِ محمد ﷺ کا ہر گدا اک اُدھر مدار المہام ہوگا

Darulamal Chishtia, Lahore, Pakistan
darulamal.org/magazines/ruhani
ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور
Whatsapp +92-322-4773786

# موسم بہار کو روحانی بہار بنائیں

تحریر: مولانا علی آفاق

محترم قارئین! فروری کا ماہ شروع ہے۔ بہار کا موسم ہے۔ ہر طرف پھول کھل رہے ہیں۔ پھل کی تیاری کی طرف پھول پہلا قدم ہیں۔ انہی پھولوں کی وجہ سے چند ماہ بعد عمدہ اور مزیدار اور زبردست شہد قدرتی حاصل ہو گا۔ ہر طرف پھل نظر آئیں گے۔ خوشیاں جنم لیں گی۔ الغرض یہ بہار کا موسم ہی ہے جو بہت سارے لوگوں کی زندگی بہار، برکت، عافیت اور خیر سمیت روزمرہ کے اخراجات کی تکمیل کا باعث بنے گا۔ یہ اُمید کی ایک کرن ہے۔ نا اُمیدیوں، مایوسیوں، ناکامیوں، بربادیوں اور تباہ حالیوں سے نکلنے کا ایک ذریعہ ہے، تباہ ہو چکے ہیں، برباد ہو چکے ہیں، معاشی حالات خراب ہوں، تنگی پریشانیاں منہ کھولے کھڑی ہوں۔ قرضوں کی زیادتیاں ہوں، ہر طرف اندھیرا چھا چکا ہو۔ سمجھ نہ آئے کہ کس طرف قدم بڑھانا ہے؟

قرض خواہ اور بدخواہ کی نظریں ہر طرف سے ہماری طرف ہوں۔ جن لوگوں کے پاس ہمارے روپے پیسے پھنسے ہوئے ہیں وہ اپنے کی طرف آنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ مزدوری، ملازمت، کاروبار کی بات بننے کی طرف نہیں آ رہی ہے۔ یہ انٹرویو ناکامی، ہر سی وی کا جواب نفی میں، ہر معاشرتی اور سماجی پہلو میں لوگ مخالف، غصیلے، نفرت آئینہ جملے کستے نظر آتے ہیں۔ بچوں کی لڑائیاں ہو رہی ہیں، بچوں کی تعلیم اور تعلیم میں روزگار اور شادی کے معاملات، بیرون ملک امیگریشن اور تعلیمی معاملات کے لیے جانا یا ملازمت کے لیے بیرون ملک تگ و دو سب کے سب سفر اور مایوسی میں تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہو رہا ہے۔ تو اس رواں ماہ فروری 2025ء کو اپنی زندگی میں مثبت تبدیلی اور حالات میں انقلاب برپا کرنے کے لیے بھرپور جدوجہد سے پہلے عزم کریں، دُعا کریں، استقامت کی دُعا کریں، دشمن کو شکست ملے، آپ کامیابی کے زینے پر چڑھتے چلے جائیں، کوئی پھندہ، کوئی سازش، کوئی حسد، کوئی نظر بد، کوئی جادو، کوئی جنات کا حملہ، شیاطین کے وساوس اور حملے ہمارا کچھ بگاڑنے میں آئندہ کامیاب نا ہو سکیں، ہماری آستین کے سانپ ہمارے خلاف جو کچھ بھی قدم بڑھائیں ان کو منہ کی کھانی پڑے۔ آج کا زمانہ یہ ہے کہ سگے رشتہ دار اور خونی رشتے بھی حسد، نظر بد لگانے، جادو، بندش کروانے میں دیر نہیں لگاتے، ادھ کچھ چمک، رمق، عافیت، برکت اور ترقی دیکھی اور ادھر حسد شروع، دوسرے لفظوں میں اللہ کی تقسیم سے اختلاف شروع ہو جاتا ہے۔ اس کو کیوں ملا؟ مجھے کیوں نہیں ملا؟ یہ کیوں ترقی کر رہا ہے؟ میں کیوں اتنی محنت کے بعد بھی پیچھے نظر آ رہا ہوں؟ میری اتنی تعلیم اور اس کی تعلیم میرے مقابلے میں صفر میں شکل وصورت میں اچھا اور عمدہ اور یہ شکل وصورت میں بھی میرے سنگ نہیں تو پھر بالآخر جادو کروانے، حسد کرنے اور نظر بد کا ایسا سلسلہ شروع ہوتا ہے کہ فریق ثانی قبر تک نا پہنچ جائے، مقابل کو سکون نہیں ملتا۔ اس طرح کی ساری کوششوں کو کامیاب بنانے کے لیے، بار بار کے جادو اور بندشوں اور سحر مسلسل سے بچاؤ کے لیے میں آپ کی خدمت ایک ایسا مضبوط لائحہ عمل پیش کر رہا ہوں کہ اس کے بعد آپ کا دشمن پتھروں سے اپنا سر ٹکرا کر مر جائے گا، مگر آپ کے خلاف کچھ بھی نہیں کر پائے گا۔

(۱) روحانی علاج (۲) روحانی حصار و حفاظت حسب ضرورت ایک عدد یا زائد (۳) دشمن کی صورت میں واپسی سحر کا خاص عمل (۴) نظر بد اُتارنے کا بھرپور اہتمام اور اس میں کوتاہی خود بھی بچنا اور پورے گھر کو بچانے کے لائحہ عمل اختیار کرنا (۵) رقیہ نظر وحسد کا بھرپور اہتمام کرنا کیونکہ نظر بد اور حسد کا ہر بندہ شکار ہے۔ ان درج بالا طریقوں کو اختیار کر کے ہم شکل حفاظتی حصار اور قلعے میں محفوظ ہو سکتے ہیں۔ ادارہ دارالعمل چشتیہ لاہور ہمیں یہ درج بالا اور دیگر لائحہ عمل سکھا رہا ہے۔ آپ کا رابطہ زندگی بدل دے گا۔ عاملوں کے چکروں سے بچیں اور یکسو ہر زندگی انجوائے کریں۔

Darulamal Chishtia Lahore Pakistan
www.darulamal.org/magazines
Whatsapp +92-322-4773786

# پرچۂ معمولات

حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے تعلیم کردہ معمولات

## برائے عوام

1. ہر قمری ماہ میں کم از کم با تجوید ایک ختم قرآن مجید کی ترتیب سے روزانہ تلاوت کیا کریں۔ زیادہ جس قدر ہو سکے، اس کی مقدار متعین نہیں۔
2. مناجات مقبول سے روزانہ ایک (1) منزل پڑھا کریں۔
3. رات میں سونے سے پہلے اپنے اعمال کا محاسبہ کیا کریں۔
4. رات میں سونے سے پہلے کم از کم تین (3) منٹ مراقبۂ موت کیا کریں، جس میں قبر، حشر، جنت اور جہنم کے حالات سوچا کریں۔
5. صبح یا شام ایک (1) تسبیح استغفار، درود اور سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر کی کیا کریں۔
6. دو سو مرتبہ روزانہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ کا ذکر کیا کریں۔
7. ”بہشتی زیور“ سے روزانہ ایک صفحہ پڑھا کریں۔
8. ماہانہ اصلاحی خط کی پابند کریں۔

**وضاحت:** حضرت رحمہ اللہ تعالی اصلاحی تعلق رکھنے والی خواتین کو بھی یہی معمولات تلقین فرماتے تھے۔

**نوٹ:**

* ......استغفار میں افضل یہ والا استغفار ہے: اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ۔
* ......درود شریف میں درود ابراہیمی افضل ہے۔
* ......سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر کی جگہ تیسرا کلمہ پورا بھی پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن پہلے اپنے حضرت شیخ مدظلہم سے اجازت لے لیں۔

## برائے علماء وطلبہ

1. ہر قمری ماہ میں کم از کم ایک (1) بار ختم قرآن مجید کی ترتیب سے روزانہ کی تلاوت متعین کریں، زیادہ تلاوت کی کوئی مقدار نہیں۔
2. مناجات مقبول سے روزانہ ایک (1) منزل پڑھا کریں۔
3. ”بہشتی زیور“ سے روزانہ ایک (1) صفحہ ترتیب وار پڑھا کریں۔
4. رات میں سونے سے پہلے اپنے اعمال کا سرسری محاسبہ کریں۔
5. رات ہی میں سونے سے پہلے مراقبۂ موت، قبر، حشر، جنت اور جہنم کے احوال سوچا کریں، اس کا وقت تین (3) منٹ سے کم نہ ہو۔
6. ذکر بطریق ذیل کیا کریں:
   1. اوّل دس (10) مرتبہ استغفار۔
   2. دس (10) بار درود شریف۔
   3. ایک (1) بار دعاء: اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا يَا اَللهُ! يَا اَللهُ! يَا اَللهُ!
   4. دو سو مرتبہ ذکر نفی و اثبات یعنی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ کا ذکر کیا کریں۔

یہ تمام اذکار باوضو، قبلہ رو، چہار زانو بیٹھ کر کامل توجہ سے کریں، خصوصاً لَا اِلٰهَ پر پورے جسم کو دائیں جانب گھمائیں اور یہ تصور کریں کہ غیر اللہ کی محبت دل سے نکال باہر پھینک رہا ہوں۔ پھر اِلَّا اللهُ پر دل کی طرف توجہ کریں اور یہ خیال کریں کہ صرف اور صرف اللہ تعالی کی محبت دل میں داخل کر رہا ہوں، یعنی ذکر حرکت مخصوصہ اور مراقبۂ مخصوصہ کے ساتھ کیا کریں۔

7. ماہانہ اصلاحی خط کی پابندی کریں۔

## دوازدہ تسبیح کا طریقۂ کار

(برائے بعض خواص)

1. دس بار استغفار: اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ یا اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ۔
2. دس بار درود شریف: نماز کا یا پھر اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھا جائے۔
3. ایک بار دعاء: اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا يَا اَللهُ!

Darulamal Chishtia, Lahore Pakistan
darulamal.org/magazines/ruhaniyat
ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور
Whatsapp +92 322-4773786

یا اللہ! یا اللہ!

۴ ذکر نفی و اثبات یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کا ذکر (شغل، جہر خفی، مراقبہ مخصوصہ کے ساتھ) دو سو (200) مرتبہ۔

۵ ذکر اثبات مجرد یعنی اِلَّا اللہ کا ذکر (شغل، جہر خفی، مراقبہ مخصوصہ کے ساتھ) چار (400) سو مرتبہ۔

۶ ذکر اسم ذات دو ضربی یعنی اَللہُ اَللہ ذکر (شغل، جہر خفی، مراقبہ مخصوصہ کے ساتھ) چھ (600) سو مرتبہ۔

۷ ذکر اسم ذات یک ضربی یعنی اَللہ کا ذکر (شغل، جہر خفی، مراقبہ مخصوصہ کے ساتھ) ایک (100) سو مرتبہ۔

## فائدہ

۱ چاروں اذکار (نفی و اثبات، اثبات مجرد، اسم ذات دو ضربی اور اسم ذات یک ضربی) میں لطائف ستہ کو کام میں لایا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ منصوص نہیں مگر خلاف اصول بھی نہیں۔ ان سے کام لینے کے بے شمار فوائد ہیں۔

۲ لطائف ستہ یہ ہیں:

لطیفۂ نفس

لطیفۂ قلب

لطیفۂ روح

لطیفۂ سرّ

لطیفۂ خفی

لطیفۂ اخفی

ان کے مقامات والوان بھی متعین کیے گئے ہیں، یہ انوار اور تجلّیات کے مقام ہیں۔

۳ کثرت ذکر سے ذکر اللہ کی عادت بن جائے گی اور زیادہ وقت اس میں مشغولیت رہے گی۔

۴ جو بھی شخص اس قدر کثرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام لیتا رہے گا، اللہ تعالیٰ اس کے لئے خیر و برکت کے دروازے کھول دیں گے اور اپنی خاص محبت کا حظ وافر عطا فرمائیں گے اور یہی حاصلِ زندگی اور مقصد حیات ہے۔

# دوازدہ تسبیح

## ملاحظات

۱ یہ تمام اذکار باوضوء، قبلہ رو، چہار زانوں بیٹھ کر کئے جائیں۔

۲ استغفار کے وقت دو مثالیں ضرور سوچی جائیں۔

**اول:** کاشت کے لئے زمین سے جھاڑ کانٹے جلانا اور صاف کرنا لازم ہے ورنہ اصل تخم ہی جل جانے کا قوی اندیشہ ہے۔ استغفار کی آگ سے دل کی زمین سے گناہوں کے جھاڑ کانٹے جلائے جائیں، پھر اللہ تعالیٰ کی محبت کی تخم ریزی کی جائے ورنہ کچھ فائدہ نہ ہوگا۔

**دوم:** میل کچیل سے بھرے کپڑے کو نیل لگانے کے لئے لازم ہے کہ اس کا میل کچیل دور کیا جائے، پھر نیل لگایا جائے۔ تو اب کپڑا چونکہ صاف اور اجلا ہے، اس لئے نیل کی خوبصورتی اس میں واضح محسوس ہوگی۔ اگر اُسی حالت میں نیل لگایا جائے تو نہ صرف کپڑا خراب اور زیادہ بھدا نظر آئے گا بلکہ نیل بھی ضائع ہوگا۔ اوّل استغفار و توبہ سے دل کی رگڑائی کر کے اس کو مانجھا جائے، پھر ذکر اللہ اور محبت الٰہیہ کا نیل اس کو دیا جائے تو یہ محبت کا نیل پائیدار بھی ہوگا اور دل کی خوبصورتی کا باعث بھی۔

۳ ذکر نفی و اثبات یعنی ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ'' کے ذکر میں درج ذیل امور مدنظر رکھے جائیں:

۱ وقفے وقفے سے پانچ (5) مرتبہ یا دس (10) مرتبہ کے بعد یا جب سانس ٹوٹے محمد رسول اللہ کا اضافہ کیا جائے۔

۲ جہر خفی کے ساتھ ذکر کیا جائے۔

۳ حرکت مخصوصہ کے ساتھ ذکر کیا جائے یعنی ''لَا اِلٰہَ'' پر پورے جسم کو دائیں جانب گھمائیں، پھر ''اِلَّا اللہ'' پر دل کی طرف توجہ کریں۔

۴ مراقبہ مخصوصہ کے ساتھ ذکر کیا ہو یعنی ''لَا اِلٰہَ'' پر یہ خیال و تصور کریں کہ غیر اللہ کی محبت و تعلق دل سے نکال باہر پھینک رہا ہوں، پھر ''اِلَّا اللہ'' پر یہ خیال کریں کہ صرف اور صرف اللہ (بقیہ ص 44)



Darulamal Chishtia Lahore Pakistan
drulamal.org/magazines/ruhaniyat
Whatsapp +92-322-4773786

# تکبر

مرتب: علی رضا

## آیات

۱ اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، اس نے انکار کیا اور تکبر کیا اور کافروں میں سے ہوگیا۔ (سورۂ بقرہ: 34)

۱ میں اپنی آیتوں سے ان لوگوں کو پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں۔ (سورۂ اعراف: 146)

۳ بے شک اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ (سورۂ نحل: 23)

## & m^u]

۱ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”دوزخ اور جنت کا آپس میں مباحثہ ہوا، دوزخ نے کہا: ”میرے اندر سرکش اور متکبر داخل ہوں گے۔“ جنت نے کہا: ”میرے اندر کمزور اور مسکین لوگ داخل ہوں گے۔“ پس اللہ تعالیٰ نے دوزخ سے فرمایا: ”تو میرا عذاب ہے، تیرے ذریعے میں جسے چاہوں عذاب دیتا ہوں“ اور جنت سے فرمایا ”کہ تو میری رحمت ہے، تیرے ذریعے میں جس پر چاہتا ہوں رحم کرتا ہوں۔ اور تم میں سے ہر ایک کو بھر دیا جائے گا۔“ (بخاری، مسلم)

۲ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہو وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ ایک شخص نے پوچھا، جو شخص یہ پسند کرتا ہو کہ اس کے کپڑے اچھے ہوں اور جوتا اچھا ہو (تو کیا یہ بھی تکبر ہے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے۔ تکبر یہ ہے کہ حق کو ٹھکرایا جائے اور لوگوں کو حقیر سمجھا جائے۔“ (مسلم)

۳ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جس شخص کا انتقال اس حال میں ہو کہ وہ تکبر، خیانت اور قرض سے پاک ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔“ (ترمذی)

۴ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تکبر میری چادر ہے اور عظمت میرا ازار ہے، جو شخص ان دونوں میں سے کوئی ایک مجھ سے چھیننا چاہے گا، میں اسے جہنم میں ڈال دوں گا۔“ (مسلم، ابن ماجہ)

۵ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”ایک شخص اپنی چادروں میں اکڑتا ہوا چل رہا تھا، اسے اپنے اوپر گھمنڈ آ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا۔ پس وہ قیامت کے دن تک زمین میں دھنستا چلا جائے گا۔“ (بخاری، مسلم)

## آثار و اقوال

۱ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں: ”کھیتی نرم زمین میں اگتی ہے، چٹان پر نہیں اگتی۔ یونہی حکمت عاجز انسان کے دل میں پیدا ہوتی ہے، متکبر کے دل میں پیدا نہیں ہوتی۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ جو شخص اپنا سر چھت تک بلند کرتا ہے، وہ اپنے آپ کو زخمی کر لیتا ہے اور جو سر کو جھکا دیتا ہے، اسے چھت سایہ اور حفاظت مہیا کرتی ہے۔“ (احیاء العلوم)

۲ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے عاجزی اختیار کرتا ہے خود کو چھوٹا بنا کر، اسے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بلندی عطا کرے گا اور جو تکبر کرتا ہے اپنے آپ کو بڑا بنا کر، اسے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ذلیل کرے گا۔“ (کتاب الزھد للوکیع)

۳ احنف بن قیس رحمۃ اللہ تعالیٰ کا قول ہے کہ تعجب ہے اس ابن آدم پر جو تکبر کرتا ہے حالانکہ وہ دوبار پیشاب کی جگہ سے نکلا ہے۔ (احیاء العلوم)

۴ حضرت مسروق رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ انسان کے عالم ہونے کے لئے یہ کافی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو اور اس کے جاہل ہونے کے لئے یہ کافی ہے کہ وہ اپنے علم پر گھمنڈ کرے۔ (درمنثور للسیوطی)

۵ وھب بن منبہ رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جب اللہ (بقیہ ص 49)

Darulamal Chishtia, Lahore, Pakistan
darulamal.org/magazines/ruhaniyat
ماہنامہ خزینۂ روحانیات
Whatsapp +92-322-4773780

یتیموں، مسکینوں، بیواؤں، غریبوں، محتاجوں، بے سہاروں نیز جملہ مستحقین کی معاونت کرنے والا مثالی ادارہ http://darulamal.org/trust




قیصر احمد بی اے (کراچی)

## جیل جانے میں خدا کی حکمت پوشیدہ

کسی بادشاہ کا وزیر شاکر تقدیر تھا۔ ہر وقت، ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا تھا اور ہر ایک بُرے بھلے واقعہ پر یہ کہنے کا عادی تھا کہ ''اسی میں بہتری ہوگی''۔ ایک دفعہ کسی حادثہ کی صورت میں بادشاہ کی انگلی کٹ گئی، وزیر نے حسبِ عادت کہا، ''اسی میں بہتری ہوگی۔'' بادشاہ کو وزیر کے اس بے محل فقرہ کے استعمال پر بہت زیادہ رنج ہوا۔ اس نے ناراض ہوکر اس وزیر کو قید خانہ بھجوانے کا حکم دے دیا۔

وزیر نے اس حکم کو سُن کر بھی وہی فقرہ دہرایا کہ ''اس میں بہتری ہوگی''۔

دوسرے روز بادشاہ شکار کے لیے جنگل میں نکلا، پہلے ہمیشہ وزیر اس کے ساتھ ہوتا تھا مگر آج بادشاہ سپاہیوں کے ساتھ گیا۔ اس دوران ساتھ موجود سپاہیوں سے بچھڑ کر اکیلا جنگل میں دُور تک نکل گیا۔ چونکہ راستہ معلوم نہ تھا، سفر کر کے تھک چکا تھا، ناچار ایک درخت کے نیچے آرام کرنے کیلئے لیٹ گیا۔ اتنے میں اچانک ایک شیر نمودار ہوا اور بادشاہ پر حملہ آور ہوا۔ بادشاہ نے سانس کھینچ لیا اور مردہ سا بن کر پڑا رہا۔ شیر زخمی انگلی کو سونگھ کر بادشاہ کو اس خیال سے چھوڑ گیا کہ یہ پہلے سے کسی جانور کا کھایا ہوا ہے۔

تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ بادشاہ کے ہمراہی بھی تلاش کرتے کرتے وہاں آ گئے۔ انہوں نے دور گھنے جنگل میں تنہا بادشاہ کو صحیح سلامت پا کر سجدۂ شکر ادا کیا۔ انہوں نے سارا واقعہ سُن کر بادشاہ کی جان بچ جانے کو نہایت غنیمت اور خدا کی خاص رحمت خیال کیا۔ واپس آ کر بادشاہ نے وزیر کو قید خانے سے طلب کر کے انعام سے مالا مال کر دیا اور کہا کہ واقعی اگر کل میری انگلی نہ کٹتی تو آج وہ شیر مجھے ہرگز نہ چھوڑتا اور انگلی کا کٹ جانا واقعی بہت اچھا ہوا۔ بادشاہ نے وزیر سے کہا کہ تم نے قید خانے کو جاتے وقت بھی ''اسی میں بہتری ہوگی'' کہا تھا۔ اس میں تم نے کیا مصلحت خیال کر کے یہ فقرہ کہا تھا؟ وزیر نے جواب دیا کہ اگر ایسا نہ ہوتا تو میں جیل میں قید کی بجائے لازمی طور پر شکار میں آپ کے ہمرکاب رہتا اور پھر شیر آپ کو چھوڑ کر مجھے کھا جاتا لیکن اس میرے قید ہونے میں بھی خدا کی حکمت پوشیدہ تھی جس وجہ سے میری جان بچ گئی۔ نتیجہ یہ کہ قدرت کا کوئی فعل خالی از حکمت نہیں ہوتا خواہ بظاہر کتنا ہی بُرا کیوں نہ ہو۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی کوئی نہ کوئی حکمت ضرور پوشیدہ ہوتی ہے جو بعض اوقات عام عقل انسانی میں نہیں سماتی۔

(حوالہ: کتاب حکایات اولیاء کرامؒ)

## ایک عظیم الشان فاضل کی عجیب حکایت

ایک بہت بڑے فاضل نے اپنی ایک کتاب میں لکھا کہ میں نے بعض ثقہ لوگوں سے سنا کہ ایک عظیم الشان فاضل، جس نے کسی اُستاد سے نہ پڑھا تھا، سے ہم نے پوچھا کہ آپ نے علم کا یہ مرتبہ باوجود درس نہ پڑھنے کے، کہاں سے حاصل کیا؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ میں اصفہان میں تحصیلِ علوم کے لیے اس سال گیا جب وہاں سخت قحط پیدا ہو چکا تھا۔ ایک دن میں تختِ فولاد کے قبرستان میں گیا۔ میں نے وہاں ایک کتیا کو دیکھا۔ جب اس نے مجھے دیکھا، اس نے حرکت کرنا چاہی لیکن بھوک کی وجہ سے حرکت کرنے پر قادر نہ تھی۔ میرے پاس تھوڑی سی رقم تھی۔ میں بازار گیا اور تھوڑا سا کھانا خریدا اور اس کتیا کے لیے لایا۔ اُس نے اس کھانے کو کھایا اور اپنے سر کو آسمان کی جانب کیا اور تضرع و استغاثہ کیا۔ اچانک تمام علوم جو میں نہ جانتا تھا، مجھ پر اس طرف فایض ہو گئے کہ میں کسی علم میں کسی معلم کا محتاج نہ رہا۔

Whatsapp +92-322-4773786

مکتبہ العارف سے مختلف موضوعات پر اسلامی کتب و رسائل آن لائن خریدیں https://bit.ly/3reiCja

# غلام الرسول عاملی نقشبندی رحمۃ اللہ کی اسماء الحسنیٰ، حروف مقطعات پر بے مثال اور شہرہ آفاق کتب



قیمت: 800 روپے



قیمت: 1000 روپے



قیمت: 1200 روپے



قیمت: 1000 روپے



قیمت: 1000 روپے



قیمت: 500 روپے

10% خصوصی رعایت

علوم مصریہ، بابلیہ، یونانیہ اور عربیہ کے تناظر میں اسرار الحروف، الواح الجواہر، علم الاوفاق، جفر الآثار اور ریاضات و دعوات پر مبنی جامع الفوائد و نادر کتاب

تمام کتب کی قیمت: 5500 روپے

تمام کتب کی رعایتی قیمت: 4950 روپے

عارفی بکس 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور 0327-4599849

rohaniyaat.com | Aarfi Books | Aarfi Books

# اثراتِ بد سے نجات کے اعمال

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

## گھر میں آسیب ہونا

چار (4) کیلیں لوہے کی لے کر ایک ایک پر یہ آیت پچیس پچیس (25-25) بار دم کر کے گھر کے چاروں کونوں پر زمین میں گاڑ دیں۔ ان شاء اللہ، اس گھر میں آسیب کا اثر کبھی نہیں ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ (الطارق: ۱۵-۱۷)

## دیو کا شبہ ہو جانا

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ تین تین (3-3) بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں اور زیادہ پانی پر دم کر کے اس کو نہلا دیں۔

## جادو کا علاج

یہ دعا چالیس (40) روز تک روزمرہ چینی کی تشتری پر لکھ کر پلایا کریں۔

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ يَا حَيُّ

ان شاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر جاتا رہے گا۔

## نظر بد کا اثر دور کرنا

کلمات درج ذیل بھی نظر بد کا اثر دور کرنے کے لیے خصوصیت سے لکھ کر گلے میں ڈالتے ہیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَامَّةٍ۔ بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

# الحزب الصغير للامام الجيلاني

الشيخ مخلف العلي الحذيفي القادري

حضرت عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی دکھوں اور پریشانیوں سے نجات اور ہر مقصد و حاجت کے پورا ہونے کی خاص دعا۔

اَللّٰهمَّ حُلَّ هذه العُقْدة و أزل هذه العُسْرة، و لقِّنِي حُسْن المَيْسور، و قِني سُوء المَقْدور، و ارزقني حُسْن الطَّلب، و اكْفني سُوء المُنْقلب. اَللّٰهمَّ حُجَّتِي وعُدَّتِي، فاقتي و وسيلتي انقطاع حيلتي، و رأْس مالي عدم احتيالي، و شفيعي دُموعي و كَنْزِي و عجْزي. إلهي قطرةٌ مِنْ بحْرِ جُودك تُغْنيني، و ذرّةٌ مِنْ تيّار عفوك تكْفيني، فارْزقني و عافني، و اعْفُ عنّي و اغْفرْ لي، و اقْضِ حاجتي و نفِّسْ كُرْبتي، و فرِّجْ همِّي و اكْشفْ غمِّي برحْمتك يا أرْحم الرَّاحمين. والحمْد لله ربِّ العالمين.

**ترجمہ:** ”اے اللہ! اس گرہ کو کھول دے اور اس مشکل کو دور کر دے، مجھے جو ممکن ہے اس کی بھلائی سے بچا، مجھے تقدیر کے شر سے بچا، مجھے نیکی کی توفیق عطا فرما اور مجھے انجام کے شر سے بچا۔ اے اللہ! میرا ثبوت اور میرا سامان، میری طاقت اور میرے اسباب، میری تدبیروں کا خاتمہ، میرا سرمایہ، میرا فریب، میرا سفارشی، میرے آنسو، میرا خزانہ اور میری عاجزی۔ اے میرے اللہ! تیری رحمت کے سمندر کا ایک قطرہ مجھے غنی کر دیتا ہے اور تیری بخشش کے دھارے سے ایک ذرہ میرے لیے کافی ہے، تو مجھے رزق دے اور مجھے شفاء دے، مجھے بخش دے اور مجھے بخش دے، میری حاجت پوری کر اور میری حاجت کو دور فرما۔ میری پریشانی کو دور کر دے اور اپنی رحمت سے میرے غم کو دور کر دے۔ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور سب سے زیادہ رحم کرنے والے اللہ رب العالمین۔

(ماخوذ از: الكنوز النورانية من ادعية واوراد السادة القادرية)

Darulamal Chishtia, Lahore, Pakistan
darulamal.org/magazine
Whatsapp +92-322-4773786

# مجرب عملیات

حضرت مولانا غلام یٰسین مدظلہٗ (جلال پور پیروالا)

## برائے حب

قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۚ إِنَّا لَنَرٰىهَا فِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ۝ (یوسف:۳۰)

صبح کی نماز سے پہلے اوّل آخر ایک سو ایک (101) بار درود شریف اور درمیان میں پانچ سو پانچ (505) بار آیت مٹھائی پر پڑھ کر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ محبت کرے گا۔ کسی قسم کی رنجش نہ رہے گی۔

## برائے حب

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝ (ال عمران:۱۴)

عطر خالص پر اوّل آخر درود شریف گیارہ (11) بار، درمیان میں یہ آیۃ مبارکہ ستر (70) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے وہ عطر مطلوب کو سنگھائیں۔ محبت دل و جان سے کرے گا۔

## برائے زبان بندی

لکھ کر دائیں بازو پر باندھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ بستم خوابش۔ رب العالمین بستم قرارش۔ الرحمٰن الرحیم بستم ذھنش۔ مالک یوم الدین بستم ہوش و گوش و استخوانش۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین بستم از سر تا قدم۔ اھدنا الصراط المستقیم بستم دھنش و زبانش۔ صراط الذین بستم میانش۔ انعمت علیھم بستم عقل و فکرش۔ غیر المغضوب علیھم بستم بستم ھفت اندام بستم اندرون بستم سر قامت۔ ولا الضالین بستم ساقھا و رانھا آمین۔ بستم قرارش تا قدم و دبر و فرج و جملہ آنھا۔ بستم گویا الحب فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۗ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ روما روث و آل محمد بحق محمد و عائشہ بحق ابراھیم و سارا و بحق یوسف و زلیخا و بحق موسیٰ و صفورا و بحق علی و فاطمہ اللہ جواد کریم بر رؤف الرحیم الحب فلان بن فلان وغیرہ اذ قال انی اعوذ برحمت ان لا الہ الا اللہ بر جانش محمد رسول اللہ بر زبانش عصا موسیٰ بر جگرش مہر سلیمان کھیٰعص حمعسق بستم دل زبان ہوش و گوئی و عقل و فکر بستم خواب و اندام و سکونت فلاں بن فلاں یا جبرائیل یا میکائیل يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۗ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ۔ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۷ | + | ب | ص |
| ۱۱۱۰ | ۲۶۴ | ۲۰۱ | ۴۱ |
| ۱۲۶۰ | ۲۶۴۰ | ۱۴۱ | ۶۲ |
| ۳ | ۳۰۰ | ۷۰۰۰ | ۹ |

۱۴۹۵۱۱۱۸۱۱۶۴۷۸۶۶۱۱۸۱۱

مکتبہ العارف سے نفسیات کے موضوع پر کتب آن لائن خریدیں https://bit.ly/3jFnZE9

# بسم اللہ کے مجرب اعمال

حضرت صوفی غلام سرور شباب مدظلہ (حویلی لکھا)

## محبت کیلئے

اگر کوئی محبت اور دوستی کیلئے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو سات سو چھیاسی (786) مرتبہ پڑھ کر پانی، شربت یا دودھ پر دم کر کے جس کو پلائے، ان شاء اللہ وہ محبت کرنے لگے گا۔

## کند ذہنی ختم کرنے کیلئے

اگر کوئی کند ذہن بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو زعفران و گلاب سے سات (7) مرتبہ لکھ کر دھو کر روزانہ سات (7) یوم تک پی لیا کرے تو اس کی کند ذہنی دور ہو جائے گی اور جو بات سنے گا یاد رکھے گا اور بھولی ہوئی باتیں بھی یاد آنے لگیں گی۔

## قضائے حاجات

صاحب منبع اصول الحکمۃ تحریر فرماتے ہیں۔ قضائے حاجات اور امراء سے کام لینے کیلئے اس عمل کو بجالائیں۔ جمعرات کا روزہ رکھیں اور منقی یا کھجور سے افطار کریں پھر مغرب کی نماز پڑھنے کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو ایک سو اکیس (121) مرتبہ پڑھیں۔ پھر دو رکعت قضائے حاجات کی نیت سے پڑھیں۔ پھر بسم اللہ کو بغیر شمار کے پڑھتے رہیں یہاں تک کہ نیند غالب آجائے اور کسی سے بات نہ کی جائے مگر نماز عشاء پڑھے اور سو جائے۔ جب جمعہ کی صبح ہو تو نماز فجر پڑھ کر پھر ایک سو اکیس (121) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیں۔ پھر زعفران و مشک اور ماء الورد کی روشنائی سے بسم اللہ کے انیس حروف کو مفرد کر کے یعنی اس طرح لکھیں ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م، ایک سو اکیس (121) مرتبہ۔ پھر اسے عود اور عنبر کا بخور دیں اور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں۔ امام ابی العباس احمد بن علی البونیؒ تحریر فرماتے ہیں قسم ہے اللہ تعالیٰ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، جو کوئی اس کو پاس رکھے گا، خواہ مرد ہو یا عورت، وہ لوگوں کی نظروں میں چودھویں کے چاند کی طرح بارعب اور عزت والا ہو جائے گا اور لوگ اس کی تابعداری کریں گے۔ جو بھی دیکھے گا، اس سے محبت کرے گا اور حاجت برلائے گا۔ امراء وزراء بھی اس کی حاجت برلائیں گے۔

## خیر و برکت

اگر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو ایک (1) سفید کاغذ پر پینتیس (35) مرتبہ زعفران گلاب سے تحریر کیا جائے اور پھر اس کو گھر میں بلند جگہ پر آویزاں کیا جائے تو اس گھر میں جنات اور شیاطین داخل نہ ہو سکیں گے اور گھر میں خیر و برکت ہو گی۔ اگر دکان یا کاروبار کی جگہ پر آویزاں کریں تو نفع زیادہ ہو گا اور حسد کرنے والوں کی آنکھیں اللہ کے حکم سے بند ہو جائیں گے۔

## آفات سے حفاظت

اگر ایک سفید کاغذ پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ایک سو ایک (101) مرتبہ لکھ کر کھیتی باڑی اور زراعت میں دفن کر دی جائے تو وہ آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گی۔ تر و تازہ رہے گی اور اس میں خیر و برکت ہو گی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

## (بقیہ ص 23) عمل سورۃ الفاتحہ برائے حاجات فوریہ

خواہ وہ مالی مشکلات ہوں، روزگار کا حصول ہو یا کوئی پیچیدہ مسئلہ درپیش ہو۔ دشمنوں کے شر اور سازشوں سے بچنے کے لیے بھی یہ عمل ایک طاقتور ذریعہ ہے۔ محبت اور تعلقات میں مسائل کے حل کے لیے بھی یہ عمل مفید ہے۔ کاروبار میں برکت اور ترقی کے لیے یہ عمل بے پناہ فوائد رکھتا ہے۔

## احتیاط

اس عمل کو انتہائی خلوص اور یقین کے ساتھ کیا جائے اور کسی بھی قسم کی دنیاوی فکر کو دل سے نکال کر صرف اللہ پر بھروسہ کیا جائے۔ یقین رکھیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی ہر دعا کو سنتا ہے اور بہترین وقت پر اس کا جواب دیتا ہے۔

https://bit.ly/3xkRnay مکتبہ العارف سے مختلف قسم کی اپنی مدد آپ (سیلف ہیلپ) کتب آن لائن خریدیں

# جسم انسانی میں پیدا ہونے والے امراض کے علاج کے طلاسم

حضرت صوفی غلام سرور شباب ظلہٗ (حویلی لکھا)

## پیٹ کا درد ختم کرنے کے لیے

مندرجہ ذیل عبارت عمل دو کاغذوں پر عرق گلاب وزعفران سے تحریر کریں۔ اور مریض کو پانی میں گھول کر پلا دیں اور ایک اس کے پیٹ پر لگا دیں۔ ان شاء اللہ اس کا پیٹ درد ختم ہو جائے گا۔ عبارت عمل یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ یا مجیب الدعوات، یا ولی الحساب، یا رفیع الدرجات، یا عظیم البرکات، یا غافر السیئات، یا معطی المسالات، یا قاضی الحاجات، اَسْئَلُكَ ان تشفی وتعافی حامل هذا من شر وجع البطن وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ‌ؕ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ (الانعام:۱۳) وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ العلی الۡعَظِيۡمِ۔

## کمر درد کے لیے

مندرجہ ذیل علم کو تحریر کر کے کمر درد کی جگہ پر باندھیں۔ درد ختم ہو جائے گا۔ طلسم یہ ہے:



## سینے اور دل کے درد اور گردے مثانے کی پتھری کا علاج

سینے کے درد اور گردے مثانے کی پتھری کے علاج کے لیے پوری سورۃ الم نشراح عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلائی جائے تو ان شاء اللہ صحت کاملہ عاجلہ ہوگی۔

## اگر کسی کی تلی بڑھ جائے تو اُس کے علاج کا طلسم

اگر کسی مرد یا عورت کی تلی بڑھ جائے تو اُس کے علاج کے لیے طلسم تحریر کر کے مریض کے گلے میں لٹکا دیں تو اُسے صحت کاملہ عاجلہ ہوگی۔ اگر آپ اس کا تجربہ کرنا چاہیں تو اسے لکھ کر مینڈھے کے گلے میں سات (7) دن تک لٹکا دیں۔ پھر اسے ذبح کریں تو آپ کو اس میں تلی نہیں ملے گی۔ طلسم یہ ہے:



کذلك طحال فلاں بن فلان متعلق بمعهلش اَوۡ كَالَّذِىۡ مَرَّ عَلٰى قَرۡيَةٍ وَّهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوۡشِهَا ‌ۚ قَالَ اَنّٰى يُحۡىٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ‌ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ (البقرۃ:۲۵۹) کذلك یموت طحال فلان بن فلان فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفۡصَفًا ۙ لَّا تَرٰى فِيۡهَا عِوَجًا وَّلَاۤ اَمۡتًا (طٰه: ۱۰۶-۱۰۷) کذلك یموت طحال فلان بن فلان لا یبقی فی جوفه ابدًا۔ فاماته الله واتاه كُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَةُ الۡمَوۡتِ (آل عمران:۱۸۵) مات طحال فلاں بن فلاں متعلق بهذا الاسماء والایات العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعة الساعة القضا القضاء القضاء۔

## اگر کسی کو رات کو نیند نہ آئے

اگر کسی کو رات کو نیند نہ آئے تو مندرجہ ذیل عبارت عمل تحریر کر کے سوتے وقت اپنے تکیہ کے نیچے رکھے تو اُسے رات بھر اچھی نیند آئے گی۔

عبارت عمل یہ ہے: عن الحق هذه الاسماء العظام ان ینام حامل کتابی هذا بحق هذه الاسماء العظام وبحقِّ اَهْیًا شَرَاهِیًا اَدُوْنَایْ اَصْبَاؤُتَ آلْ شَدَایْ بالف لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ (ماخوذ از طلسماتی علاج کے طریق)



قدیم و نایاب عربی، فارسی و عبرانی کتابوں سے انتخاب کئے گئے نہایت زود اثر اعمال و طلسمات کا ذخیرہ

# خزینہ طلسمات و عملیات

صفحات: 188

قیمت 1500 روپے

مرتب: راجہ فیصل حمید، بابا محمد سلطان قادری قلندری

*نسخہ دل شوہر مہربان *نسخہ بخت کشائی دختران *نسخہ محبت شدید *نسخہ میاں بیوی کی جدائی ختم *نسخہ کسی کو محبت میں بے قرار کرنا *نسخہ احقار محبوب *نسخہ مطیع مہربان محبوب کرنا *نسخہ میاں کو بستہ کرنا فعل بد سے *نسخہ تسخیر خلق *نسخہ بیقرار عشق میں کرنے کا *نسخہ باب العشق *نسخہ بغض وعداوت *نسخہ زبان بندی *نسخہ کشائش کار *نسخہ زبان بندی وموش *نسخہ حاضری *نسخہ کشادہ کرنا بستہ کو *نسخہ زبان بندی *نسخہ محبت *نسخہ احقار محبت *نسخہ محبت شدید *نسخہ محبت شدید 2 *نسخہ حاضری مطلوب *نسخہ کشودن مرد بستہ *نسخہ محبت کشائی *نسخہ تسخیر محبت *نسخہ حب شدید *نسخہ زبان بندی *نسخہ طلسم رجوع *نسخہ وشفاء *نسخہ فروخت جائیداد *نسخہ جلب الحب *طلسم دوشنبہ *طلسم سہ شنبہ *طلسم چارشنبہ *طلسم پنج شنبہ *طلسم شنبہ *نسخہ المودۃ *نسخہ حاضری محبوب *نسخہ عشق ومحبت *نسخہ زبان بندی *نسخہ تسخیر و محبت خلق *نسخہ برائے محبت وحاضری *نسخہ حاضری مطلوب *نسخہ محبت *نسخہ فروخت متاع *نسخہ حاضری طریقہ طم طم ہندی *نسخہ کشائش روزی *نسخہ کشائش وفتح *نسخہ تفرقہ جماعتی *نسخہ محبت والفت *نسخہ برائے فتح وسرداری *نسخہ طلب فرزند *نسخہ عجیب *نسخہ تفریق وجدائی *نسخہ حاضری مطلوب ومحبت *نسخہ رہائی قید *نسخہ حب العشق *نسخہ باطل سحر وکشائش کار *احقار محبت *نسخہ احقار قوی *نسخہ سفر بخیریت *نسخہ حاضری ومطلوب *نسخہ احقار آتش *نسخہ مطیع رام کرنا مطلوب *نسخہ کشائش کاروفتح *نسخہ محترم از خلائق ہونا وکشائش *نسخہ سحر ونحوست ختم *نسخہ مرد شہوت بستہ *نسخہ بتن شہوت مرد *نسخہ محبت خاص *نسخہ حاجت براری *نسخہ زبان بندی *نسخہ حاضری سلیمان *نسخہ زبان بندی *نسخہ دشمن شہر بدر *نسخہ بدنام وجدا کرنا *محبت خلق وکشائش *نسخہ مسافرت آسان *نسخہ معظم وافضل ہونا *نسخہ شہوت بست مرد *نسخہ خاص جگہ شادی کرنا *نسخہ شادی جگہ خاص پر *نسخہ حاضری مطلوب *نسخہ حاضری عشق محبت *نسخہ محبت وزبان بندی *نسخہ بخت شدید *نسخہ قفل بستہ *نسخہ فراق وجدائی *نسخہ سفل حب شدید *نسخہ بخت کشائے ومحبت زوجین *نسخہ جلب لہب *نسخہ طلسم محبت خلق *نسخہ مطیع مرد کرنا *نسخہ حاضری مطلوب *نسخہ حاجت براری *نسخہ طلب فرزند *مصباح الحاجات *مصباح الفتح *مصباح الذاریات *مصباح القاف *مصباح الحمد *مصباح الاحقاف *قفل حشر *سفل موحنا *قفل حدید *قفل مجادلہ *مفتاح الرحمن *قفل واقف *مصباح القمری *مصباح النجمی *قفل حفرا *قفل تغابن *قفل قیامت *قفل مغنی *قفل حرف *قفل ملک *قفل اسرائیل *قفل کعبہ *لوح مثلث الف *لوح مثلث البار *لوح جیم *مثلث الخا *لوح الدال *مثلث الذا *کاب الرا *کاب الخا *کاب الذال *مثلث الطا *لوح واو *مثلث کاف *مثلث الحا *کاب النون *مثلث الیا *کاب الفاء *کاب العاد *کاب العین *کاب السین *کاب الشین *کاب الغار *کاب القاف *

عارفی بکس 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور 0327-4599849
rohaniyaat.com
Aarfi Books
Aarfi Books

# الصلاۃ البکریۃ

مرتب: محمد عارف (لاہور)

یہ درود شریف عظیم ولی اور مشہور عالم، قطب اور ابو بکر الصدیقؓ کا نسب، جن سے انہوں نے صدیقیہ کا درجہ حاصل کیا یہاں تک کہ وہ معرفت کے درجے تک پہنچ گئے، کا ہے۔ سیدی و آقا، ابوالمکارم، شیخ محمد شمس ابن ابی الحسن البکری رحمۃ اللہ علیہ، خدا ان سے اور ان کے پیشرو اور اولاد سے راضی ہو اور ہم سب کو ان کی برکات سے مستفید فرمائے۔ آمین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِنَيِّرِ هِدَايَتِكَ الْاَعْظَمِ وَسِرِّ اِرَادَتِكَ الْمَكْنُوْنِ مِنْ نُوْرِكَ الْمُطَلْسَمِ۔ مُخْتَارِكَ مِنْكَ لَكَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ۔ وَنُوْرِكَ الْمُجَرَّدِ بَيْنَ مَسَالِكِ اللُّقِيِّ۔ كَنْزِكَ الَّذِيْ لَمْ يُحِطْ بِهٖ سِوَاكَ۔ وَاَشْرَفِ خَلْقِكَ الَّذِيْ بِحُكْمِ اِرَادَتِكَ كَوَّنْتَ مِنْ نُوْرِهٖ اَجْرَامَ الْاَفْلَاكِ وَهَيَاكِلَ الْاَمْلَاكِ۔ فَطَافَتْ بِهِ الصَّافُّوْنَ حَوْلَ عَرْشِكَ تَعْظِيْمًا وَتَكْرِيْمًا۔ وَاَمَرْتَنَا بِالصَّلَاةِ وَالسَّلَامِ عَلَيْهِ بِقَوْلِكَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ وَنَشَرْتَ فَوْقَ هَامَتِهٖ فِيْ تَخْتِ مُلْكِكَ لِوَاءَ حَمْدِكَ۔ وَقَدَّمْتَهٗ عَلٰى صَنَادِيْدِ جُيُوْشِ سُلْطَانِكَ بِقُوَّةِ عَزْمِكَ۔ وَاَخَذْتَ لَهٗ عَلٰى اَصْفِيَائِكَ بِالْحَقِّ مِيْثَاقَكَ الْاَوَّلَ۔ وَقَرَّبْتَهٗ بِكَ وَمِنْكَ وَلَكَ وَجَعَلْتَ عَلَيْهِ الْمُعَوَّلَ۔ وَمَتَّعْتَهٗ بِجَمَالِكَ فِيْ مَظْهَرِ التَّجَلِّيْ وَخَصَصْتَهٗ بِقَابِ قَوْسَيْنِ قُرْبِ الدُّنُوِّ وَالتَّدَلِّيْ وَزَجَّيْتَ بِهٖ فِيْ نُوْرِ اُلُوْهِيَّتِكَ الْعُظْمٰى۔ وَعَرَّفْتَ بِهٖ اٰدَمَ حَقَائِقَ الْحُرُوْفِ وَالْاَسْمَاءِ۔ فَمَا عَرَفَكَ مَنْ عَرَفَكَ اِلَّا بِهٖ۔ وَمَا وَصَلَ مَنْ وَصَلَ اِلَيْكَ اِلَّا مَنِ اتَّصَلَ بِسَبَبِهٖ۔ خَلِيْفَتِكَ بِمَحْضِ الْكَرَمِ عَلٰى سَائِرِ مَخْلُوْقَاتِكَ۔ سَيِّدِ اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمٰوَاتِكَ۔ خَصِيْصِ حَضْرَتِكَ بِخَصَائِصِ نَعْمَائِكَ۔

وَفُيُوْضَاتِ اٰلَائِكَ۔ اَعْظَمِ مَنْعُوْتٍ اَقْسَمْتَ بِعُمْرِهٖ فِيْ كِتَابِكَ۔ وَفَضَّلْتَهٗ بِمَا فَضَّلْتَ بِهٖ مِنْ اَسْرَارِ خِطَابِكَ۔ وَفَتَحْتَ بِهٖ اَقْفَالَ اَبْوَابِ سَابِقِ النُّبُوَّةِ وَالْجَلَالَةِ۔ وَخَتَمْتَ بِهٖ دَوْرَ دَوَائِرِ مَظَاهِرِ الرِّسَالَةِ۔ وَرَفَعْتَ ذِكْرَهٗ مَعَ ذِكْرِكَ۔ وَسَيَّدْتَهٗ بِنِسْبَةِ الْعُبُوْدِيَّةِ اِلَيْكَ فَخَضَعَ لِاَمْرِكَ۔ وَشَيَّدْتَ بِهٖ قَوَائِمَ عَرْشِكَ الْمَحُوْطِ بِحِيْطَتِكَ الْكُبْرٰى۔ وَمَنْطَقْتَهٗ بِمِنْطَقَةِ الْعِزِّ فَمَنْطِقُ بِعِزِّهٖ اَهْلَ الدُّنْيَا وَالْاُخْرٰى۔ وَاَلْبَسْتَهٗ مِنْ سُرَادِقَاتِ جَلَالِكَ اَشْرَفَ حُلَّةٍ۔ وَتَوَّجْتَهٗ بِتَاجِ الْكَرَامَةِ وَالْمَحَبَّةِ وَالْخُلَّةِ۔ نَبِيِّ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ۔ وَالْمَبْعُوْثِ بِاَمْرِكَ اِلَى الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ۔ بَحْرِ فَيْضِكَ الْمُتَلَاطِمِ بِاَمْوَاجِ الْاَسْرَارِ۔ وَسَيْفِ عَزْمِكَ الْقَاهِرِ الْحَاسِمِ لِحِزْبِ الْكُفْرِ وَالْبَغْيِ وَالْاِنْكَارِ۔ اَحْمَدِكَ الْمَحْمُوْدِ بِلِسَانِ التَّكْرِيْمِ۔ مُحَمَّدِكَ الْحَاشِرِ الْعَاقِبِ الْمُسَمّٰى بِالرَّؤُوْفِ الرَّحِيْمِ۔

اَسْاَلُكَ بِهٖ وَبِالْاَقْسَامِ الْاَوَّلِ۔ وَ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِكَ وَ اَنْتَ الْمُجِيْبُ لِمَنْ سَاَلَ۔ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلَيْهِ صَلَاةً تَلِيْقُ بِذَاتِكَ وَذَاتِهِ الْمُحَمَّدِيَّةِ لِاَنَّكَ اَدْرٰى بِمَنْزِلَتِهٖ وَ اَعْلَمُ بِصِفَاتِهٖ عَدَدًا لَا تُدْرِكُهُ الظُّنُوْنُ۔ زِيَادَةً عَلٰى مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ۔ يَا مَنْ اَمْرُهٗ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ۔ وَيَقُوْلُ لِلشَّيْءِ كُنْ فَيَكُوْنُ۔ وَ اَنْ تُمِدَّنِيْ بِمَدَدِهِ الْمُحَمَّدِيِّ مَدَدًا اُدْرِكُ بِهٖ قَبُوْلَ تَوَجُّهَاتِيْ۔ وَ اَسْتَاْنِسُ بِهٖ فِيْ جَمِيْعِ جِهَاتِيْ۔ فَاَكُوْنَ مَحْفُوْظًا بِهٖ مِنْ شَرِّ الْاَعْدَاءِ۔ وَيَعْمُرَ بِسَوَابِغِ نِعَمِهِ الْاُوْلٰى وَالْاُخْرٰى۔ وَيَنْطَلِقَ لِسَانِيْ مُتَرْجِمًا عَنْ اَسْرَارِ كَلِمَةِ التَّوْحِيْدِ۔ وَاَتَعَلَّمَ مِنْ عِلْمِكَ الْاَقْدَسِ الْوَهْبِيِّ مَا اَسْتَغْنِيْ بِهٖ عَنِ الْمُعَلِّمِ وَ اَنْتَ الْحَمِيْدُ الْمَجِيْدُ۔ وَتَصْفُوَ مِرْاٰةُ سَرِيْرَتِيْ بِنَظْرَتِهِ الْمُحَمَّدِيَّةِ۔ وَاُبْصِرَ بِبَصَرِ بَصِيْرَتِيْ حَقَائِقَ الْاَشْيَاءِ (بقیہ ص 54)

# خواص سورۃ الفیل

حضرت مولانا اعجاز احمد خاں سنگھانوی مدظلہٗ (کراچی)

## محبت کا خاص الخاص عمل

